© rasailojaraid.com

تقویۃ الایمان (عربی) از: مولانا عبدالوحید الرحمانی۔ تقطیع خورد۔ صفحات ۷۰ ٹائپ جلی اور روشن۔ پتہ:۔ مکتبہ جامعہ سلفیہ پوسٹ بکس ۱۹ بنارس (یو۔پی)

مولانا محمد اسماعیل شہیدؒ کا رسالہ تقویۃ الایمان ایک نہایت اہم اور بہت مشہور رسالہ ہے۔ حضرت شہیدؒ نے یہ رسالہ ان بدعات اور مشرکانہ رسوم وطرق کے رد میں لکھا تھا۔ جن میں اس زمانہ کے مسلمان بری طرح مبتلا تھے۔ چنانچہ صرف قرآن و حدیث کی روشنی میں کلام کرکے یہ واضح کیا گیا ہے کہ اسلام میں عقیدۂ توحید کے کیا معنی ہیں اور مسلمان بدقسمتی سے اپنی جہالت و نادانی کے باعث اصل توحید سے کس قدر دور جا پڑے ہیں۔ اصل رسالہ اردو میں تھا۔ یہ اس کا عربی ترجمہ ہے جو سہل اور سلیس، اور رواں دواں ہے۔ شروع میں مولانا مقتدیٰ حسن الاعظمی کے قلم سے ایک مقدمہ ہے جس میں حضرت شہیدؒ کے سوانح حیات اور اس زمانہ کے مسلمانوں کے معاشرتی حالات کا تذکرہ ہے۔ عربی ترجمہ سے یہ فائدہ ہوگا کہ عرب بھی اس متاع ہند نژاد سے مستفید ہوسکیں گے۔

دُنیا:۔ اسلام سے پہلے / اسلام کے بعد از مولانا عبدالسلام قدوائی

تقطیع خورد۔ ضخامت ۱۲۸ صفحات۔ کتابت وطباعت بہتر۔ قیمت: ۲/۷۵۔ پتہ:۔ مکتبہ جامعہ لمیٹڈ۔ جامعہ نگر۔ نئی دلّی ۲۵

یہ کتاب اگرچہ بقامت بہتر ہے۔ لیکن بقیمت بہتر ہونے میں شبہ نہیں۔ جیسا کہ نام سے ظاہر ہے۔ کتاب کے پہلے حصّہ میں مستند حوالوں کی روشنی میں یہ بتایا ہے کہ اسلام سے قبل دنیا کے سماجی، اخلاقی، معاشی اور مذہبی حالات کیا تھے۔ اور اسلام کے بعد ان میں اچانک کیا تبدیلی پیدا ہوئی۔ اور

© rasailojaraid.com